अली बाबा ४० चोर

علی بابا

۴۰ چور

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

علی بابا ۴۰ چور فلم کے

گانا نمبر ا

مَیں معصوم ، دِل معصوم
دو نظریں ٹکرائیں ، کیا ہو جائے کیا معلوم
کاش کوئی مِل جائے ، ہمراہی راہوں میں
سُنتے ہیں جنت ہے ، پیار بھری باہوں میں
ہائے اللہ ، ہائے اللہ ، واہ رے سبحان اللہ
دِل بھی ہے ماشا اللہ
جنت کا یہ راز نہیں معلوم . . . . مَیں معصوم دِل معصوم
پلکوں کی چلمن میں ہیں رنگین فسانے
دِل میرا کیا مانگے ہائے کوئی پہچانے
ہائے اللہ ہائے اللہ . . . . دِل بھی ہے ماشا اللہ
اپنے دِل کی مانگ نہیں معلوم ۔ مَیں معصوم دِل معصوم
جب سے آئی جوانی ، بہکے دِل کی بیانی
جیسے کوئی قیامت اب ہے آنے والی
ہائے اللہ ہائے اللہ . . . دِل بھی ہے ماشا اللہ
دھڑکن کا یہ راز نہیں ہے معلوم
مَیں معصوم دِل معصوم
دو نظریں ٹکرائیں کیا ہو جائے کیا معلوم

گانا نمبر ۲:۔ علی بابا، علی بابا، علی بابا
خوابوں میں ہوتا ہے تو جلوہ نما
میرے خیالوں کا ہے، تو ہی خدا — علی بابا...
تیری محبت دل سے لگالی
ہم نے نئی اک دنیا بسالی
لب پہ ہر دم نام تیرا۔ نام تیرا ہے کلمہ میرا
خوابوں میں ہوتا ہے تو جلوہ نما
میرے خیالوں کا ہے تو ہی خدا — علی بابا...
کردیا خود کو تیرے حوالے
ٹھکرادے مجھ کو، یا گلے لگالے
تیرے کرم پہ ہے فیصلہ
تیری رضا میں ہے میری رضا
خوابوں میں ہوتا ہے تو جلوہ نما
میرے خیالوں کا ہے تو ہی خدا ۔ علی بابا...
دنیا کی ساری رسمیں توڑ دوں
تیرے لئے میں تو جنت بھی چھوڑ دوں
تیرا رہے گا یہ دل سدا۔ تو آزمالے میری وفا
خوابوں میں ہوتا ہے تو جلوہ نما
میرے خیالوں کا ہے تو ہی خدا ۔علی بابا—
گانا نمبر ۳:۔ دل کے جذبات محبت کی خوشی آپ سے ہے
زندگی آپ سے ہے زندہ دلی آپ سے ہے

جب آپ سلامت ہیں پھر ہم کو کمی کیا ہے
سب آپ کا صدقہ ہے غم کیا ہے خوشی کیا ہے
سب شکوے مٹے دل کے آپس میں گلے مل کے
آپ اگر بھول گئے ہیں تو کوئی بات نہیں
یہ ملاقات مگر پہلی ملاقات نہیں
یوں چھپانے سے نہیں چھپتے تقاضے دل کے
ہم کو معلوم ہے کیا بات ہے کیا بات نہیں
سب شکوے مٹے دل کے...
اب چھوڑیئے شرمانا اب بات رہی کیا ہے
سب آپ کا صدقہ ہے —
وہ آج مخاطب ہیں حالات مناسب ہیں
پھر ہوئی آج ادھر مہربانی کی نظر
دیکھ کر ان کی ہنسی زندگی جھوم اٹھی
بیخودی چھانے لگی ، نیند بھی آنے لگی
کیسے خاموش رہیں حال دل کیوں نہ کہیں
وہ آج مخاطب ہیں —
کیوں اے دل دیوانہ اب تیری خوشی کیا ہے
سب آپ کا صدقہ ہے —
گانا نمبر ۹:- اللہ اکبر - اللہ اکبر
بنائے جا - بگاڑے جا - بگاڑے جا - بنائے جا
کہ ہم تیرے چراغ ہیں - جلائے جا - بجھائے جا

ہر قدم میرے ساتھ ہیں۔ اندھیرے بھی اُجالے بھی
کیسی تیری شان ہے۔ گرائے بھی سنبھالے بھی
جو نہ کبھی دیکھے وہ تماشے تو دکھائے جا
کہ ہم تیرے چراغ ہیں ـــ
ہر یہ سایہ موت کا ہے اور ہم کو جینا ہے
اپنے ہاتھوں اپنے ہی۔ دل کے زخم سینا ہے
جو تجھے منظور ہے، وہ کام تو کرائے جا
کہ ہم تیرے چراغ ہیں ـــ
مانا یہ سب کھیل ہے۔ قیمت کی لکیروں کا
پھر بھی تیرے ہاتھ ہے فیصلہ تقدیروں کا
دنیا کی تقدیروں کو جگائے جا سلائے جا
کہ ہم تیرے چراغ ہیں ـــ

گانا نمبر ۵:۔ سادگی میں شوخی ادائے بے مثال
کھوئی کھوئی آنکھوں میں سینکڑوں سوال
میرے سولہویں سال کا کمال
محفل میں آؤں، تو سانسیں رک جائیں
نظریں جو ٹکراؤں۔ آنکھیں جھک جائیں
نازک بدن، غنچہ دہن
جلوے میرے توبہ شکن ـ میرے سولہویں ـ
دل والوں کے دل کی میں ہی منزل ہوں
میں ہی موج طوفان، میں ہی ساحل ہوں

شعلہ ہوں میں شبنم نما
میں دردِ دل بھی ہی دوا ۔ میرے سولہویں ۔۔
قاتل میری جوانی ۔ قاتل میری ادا
دو دھاری تلواروں سے ۔ تم بچنا ذرا
بہکی نظر یا بہکے قدم
پھر ہونٹ ہے اللہ قسم ۔ میرے سولہویں ۔

گانا نمبر ۱۶ ۔ آجا باہوں میں دل کی راہوں میں
جھکتی نظریں اللہ اللہ ۔ اٹھتی پلکیں اللہ اللہ
ارمان جگاؤ نا ۔ طوفان اٹھاؤ نا
رکتی سانسیں اللہ اللہ ۔ بہکی باتیں اللہ اللہ
یہ پھولوں کے دامن پہ شبنم کے موتی
کہ جیسے زمیں پر اتر آئے تارے
ذرا میری جانب تو دیکھو میری جاں
میرا پیار رہ رہ کے تم کو پکارے
آجا باہوں میں ۔۔
جھکتی نظریں اللہ اللہ ۔ اٹھتی پلکیں اللہ اللہ
ہیں بل کھا کے گرتی ہوئی آلبنا ریں
کہ تم نے ہیں لہرائے گیسو بکھیرے
نہ دیکھو اس طرح تو میرے پاس آکے
کہ آتی ہے اب آنچ سانسوں میں تیرے
ارمان جگاؤ نا ۔۔

رُکتی سانسیں اللہ اللہ۔ بہکی باتیں اللہ اللہ
یہ کشتی ہے یا چاند کی پالکی ہے
چلی جا رہی ہے اُڑی جا رہی ہے
میری جان محبت کے ہیں یہ کرشمے
محبت یہ سب رنگ دِکھلا رہی ہے
آجا بانہوں میں —
جھکتی نظریں اللہ اللہ۔ اُٹھتی پلکیں اللہ اللہ

گانا نمبر ۸۔ دیکھئے ذرا پیار سے، کیوں خفا ہو دلدار سے
تم راز دِل تو سمجھے نہیں
نگاہیں کہیں ہے نشانہ کہیں۔ دیکھئے ذرا...
ذرا یہ رات ڈھلنے دو۔ شمع کو اور جلنے دو
حقیقت کھل ہی جائے گی۔ ہمارا رنگ بدلنے دو
تم راز دِل تو سمجھے نہیں۔ نگاہیں کہیں... دیکھئے ذرا...
اشاروں ہی سے بہلاؤں۔ کسی کے ہاتھ نہ آؤں
ہوا کا ایک جھونکا ہوں۔ ذرا چھو کے گذر جاؤں
تم راز دِل..... نگاہیں کہیں.... دیکھئے ذرا....
نہ بدلے گی وفا میری۔ نہ بدلے گی نگاہ میری
جو دِل سے جل کے ملتی ہے
وہ اُلفت کی ہے راہ میری
تم راز دِل.... نگاہیں کہیں.... دیکھئے ذرا..

تمام شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پہلے آپکو ایک ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

علم ایکٹنگ گائڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹرسیوں کے حالات نیز پرائیویٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۔/۱/۔ علاوہ محصول ڈاک خرچ

اصلی پرانا کوک شاستر [باتصویر]

یہ کتاب بہترین ہے۔ اور ہر ایک نوجوان کے لئے اس کا پڑھنا ضروری ہے۔ اس میں تمام قسم کے آدمیوں اور عورتوں کی پہچان بانجھ عورت کا علاج۔ لڑکا لڑکی پیدا ہونے کا وقت معلوم کرنا چاند کی کس تاریخ کو عورت کے کس حصے میں کام جاگتا ہے۔ اس میں تصاویر۔ اس کتاب کی زیادہ تعریف لکھنا قانون کے خلاف ہے۔ آج ہی منگائیے۔ ورنہ بعد میں پچھتانا پڑے گا۔

قیمت صرف ۔/۱/۔ علاوہ ڈاک خرچ

زینت ایجنڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی